# 12-06-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆اٹھارویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس چوبیس جون سے شروع ہوگا۔

☆تلگودیشم پارٹی کے صدر چندرا بابو نائیڈو نے آج وزیراعظم نریندر مودی کی موجودگی میں آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا۔

☆نارکوٹیکس کنٹرول بیورو نے آج سے نشہ مکت بھارت پکواڑہ کے نام سے ایک مہم شروع کی ہے جو ملک بھر میں چھبیس جون تک جاری رہے گی۔

☆محکمہ موسمیات کے دفتر نے کہا ہے کہ ریاست کے کئی اضلاع میں مختلف مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بارش ہوسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

جنوب مغربی مانسون نے سارے تلنگانہ کا احاطہ کرلیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج یہ بات بتائی۔محکمہ موسمیات کے دفتر نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اضلاع نظام آباد، سرسلہ، کریم نگر، بھوپال پلی، ملوگو، کتہ گوڑم محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، سدی پیٹ، رنگاریڈی، میڑچل ملکاجگیری، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک اور کاماریڈی میں کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔اس کے علاوہ ریاست کے مختلف علاقوں میں بھی آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران بونداباندی اور بارش کے علاوہ تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ بجلیاں چمکنے کا بھی امکان ہے۔رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر بارش درج کی گئی۔

☆☆☆☆☆

تلگودیشم پارٹی کے صدر چندرا بابو نائیڈو نے آج وزیراعظم نریندر مودی کی موجودگی میں آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لے لیا۔چندرا بابو نائیڈو اوران کی وزارتی کونسل بشمول اداکار سے سیاستداں بننے والے جن سینا پارٹی صدر پون کلیان اور نائیڈو کے فرزند لوکیش نے بھی صبح میں تقریباً گیارہ بجکر ستائیس منٹ پر حلف لیا۔نائیڈو اوران کے وزراء کو ریاستی گورنر عبدالنذیر نے حلف دلایا۔حلف برداری تقریب، وجئے واڑہ سے سولہا کیلومیٹر کے فاصلہ پر واقع گنا ورم ایرپورٹ کے روبرو موضع کیسارا پلی کے قریب بڑے پیمانے پر منعقد ہوئی۔چندرا بابو نائیڈو کے علاوہ چوبیس وزراء نے حلف لیا۔یہ چوتھی مرتبہ ہے جب بابو نے ریاست کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیا ہے۔اس موقع پر کئی مشہور شخصیتیں موجود تھیں جن میں مہاراشٹرا کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شنڈے، سابق گورنر تملیسائی سوندراراجن، مرکزی وزراء امیت شاہ، جے پی نڈا، نتن گڈکری، بنڈی سنجے، رام موہن نائیڈو، مقبول عام فلم ہیرو زرجنی کانت، چرنجیوی، سابق نائب صدر وینکیا نائیڈو، ٹامل ناڈو کے سابق وزیراعلیٰ پنیر سیلوم اور سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس این وی رمنا شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆

اٹھارویں لوک سبھا کا پہلا اجلاس اس ماہ کی 24 تاریخ سے شروع ہوگا۔سیشن کے دوران نومنتخبہ ارکان کی حلف برداری کے علاوہ لوک سبھا اسپیکر کا انتخاب عمل میں آئے گا۔اسی اجلاس کے دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ سیشن سے خطاب کریں گی۔راجیہ سبھا کا سیشن اس ماہ کی 27 تاریخ سے شروع ہوگا۔پارلیمانی اجلاس آئندہ ماہ کی تین تاریخ کو ختم ہوگا۔پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر یہ بات بتائی۔

☆☆☆☆☆

ضلع جوگولامبا گدوال کے کلکٹر سنتوش نے تعلیم میں بہتر مظاہرہ کیلئے طلبہ کی اسکولوں میں باقاعدگی سے حاضری کی اہمیت پرزور دیا ہے۔گدوال منڈل کے موضع پارومالا میں آج نوتعمیر شدہ گورنمنٹ پرائمری اسکول میں بڑی باٹا پروگرام کے افتتاح کے بعد خطاب کرتے ہوئے کلکٹر نے اس بات کو اجاگر کیا کہ تعلیمی میدان میں کامیابی کیلئے 90 فیصد سے زائد حاضری اہمیت رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلع نے دسویں جماعت کے نتائج میں اچھا مظاہرہ نہیں کیا ہے جس کا سبب طلبہ کی کم حاضری رہی۔ انہوں نے والدین کو مشورہ دیا کہ وہ سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کی صلاحیتوں کو سمجھیں۔اوراپنے بچوں کو داخلہ دلائیں۔ بعدازاں کلکٹر نے طلبہ میں یونیفارمس اور نصابی کتابیں تقسیم کیں۔اس کے علاوہ انہوں نے محکمہ تعلیم کے عہدیداروں کے ساتھ بڑی باٹا پروگرام کے پمفلٹس بھی جاری کئے۔

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں واقع جوبلی ہلز میں اپنی رہائش گاہ پرٹی جی ٹیٹ 2024 کے نتائج جاری کئے۔ پرچہ اول میں 67.13 فیصد طلبہ کوالیفائی ہوئے ہیں جبکہ پچیاسی ہزارنوسوچھیانوے کے منجملہ ستاون ہزارسات سوپچیس امیدواروں نے کامیابی حاصل کی۔ پرچہ دوم میں ریاضی اورسائنس میں انیاسی ہزارایک سواڑتیس کے منجملہ انتیس ہزار چھ سوایک طلبہ کوالیفائی ہوئے۔کامیابی کا تناسب 37.14 فیصد رہا۔سوشیل اسٹیڈیز میں اکہتر ہزارتین سوتر پن میں سے اکیس ہزارآٹھ سوبیالیس طلبہ کوالیفائی ہوئے اورکامیابی کا تناسب 30.61 فیصد رہا۔مجموعی طور پر پرچہ دوم میں کوالیفائی ہونے والے طلبہ کا تناسب 34.18 فیصد رہا۔ایسے طلبہ جو کوالیفائی نہیں ہوئے ،اگلے ٹیٹ امتحان کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔جنہیں درخواست فیس داخل کرنے سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی (NTA) نے نیٹ ، یوجی 2024 نتیجہ جاری کرنے کے بعد مسلسل پوچھے جانے والے سوالات جاری کئے ہیں۔مسلسل پوچھے جانے والے سوالات ،مبینہ الزامات کے تحت ایک موضوع بن گئے ہیں جیسا کہ ان نتائج کا اس ماہ کی چار تاریخ کو اعلان کیا گیا تھا۔طلبہ کو وقت کے نقصانات کی پابجائی کیلئے نشانات دیئے جانے کے معاملہ میں NTA نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں ایک کمیٹی بنائی گئی ہے جو شکایات اورنمائندگیوں کا جائزہ لے گی۔اس سوال پر کہ کوئی امیدوار امتحان میں سات سواٹھارہ اورسات سوانیس نشانات کس طرح حاصل کرسکتا ہے،NPA نے واضح کیا کہ غلطی کی بناء پر دیئے گئے نشانات کی وجہ سے دوامیدواروں کو مذکورہ نمبرات ملے۔نیٹ یوجی امتحان میں زائداز ایک ہزار پانچ سوامیدواروں کو گریس مارکس دیئے جانے کے معاملہ کا جائزہ لینے کیلئے مرکز وزارت تعلیم نے بھی چار رکنی ایک پیانل تشکیل دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

نرملا سیتارامن نے آج نئی دہلی میں فینانس اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔ جائزہ حاصل کرنے کے بعدانہوں نے وزیراعظم نریندرمودی سے انہیں دوبارہ یہ موقع دیئے جانے پراظہارتشکر کیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس سال کے دوران مضبوط قیادت اورترقیاتی اقدامات کرنے والی حکمرانی سے ملک کے مختلف شعبوں میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں اورمعیشت کو سدھارا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ ہائیکورٹ نے بقرعید کے موقع پر جانوروں کی غیرقانونی قربانی کے خلاف اقدامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔عدالت نے یہ بات گاؤ گیان فاؤنڈیشن کی جانب سے داخل کردہ ایک پٹیشن کی سماعت کے دوران کہی۔اس درخواست میں اس بات کی خواہش کی گئی تھی کہ جانوروں کی منتقلی اوران کی قربانی سے متعلق قوانین کو نافذ کرنے کو یقینی بنایا جائے۔ چونکہ ملک بھر میں ذی الحج کا چاند جمعہ کو نظر آچکا ہے لہذا آٹھ جون ،اسلامی مہینہ کی پہلی تاریخ رہی۔حیدرآباد اوردیگر ہندوستانی شہروں میں عیدالاضحیٰ پیرسترہ جون کو منائی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

نئے تعلیمی سال کے تحت اسکولوں کے دوبارہ کھولنے کے ساتھ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی RTA اورحیدرآباد ٹرایفک پولیس نے طلبہ کو لے جانے والی اسکول بسوں اوردیگر گاڑیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ایک خصوصی مہم شروع کی ہے۔ یہ مہم آج صبح کی ابتدائی ساعتوں میں حیدرآباد کے مختلف مقامات پرشروع ہوئی جن میں سکندرآباد، پنجہ گٹہ اورراجندرنگر بھی شامل ہے۔اس مہم کے تحت گاڑیوں کی صورتحال ،ڈرائیور کے لائسنس اورٹرایفک قوانین سے واقفیت کے علاوہ بہت زیادہ تعداد میں بچوں کو بیٹھانے اورکم عمر ڈرائیوروں پرخصوصی توجہ دی گئی۔متعلقہ عہدیداروں نے خصوصی ٹیمیں بنائی ہیں تاکہ مصروف اوقات کے دوران روزانہ یہ مہم چلائی جاسکے۔

☆☆☆☆☆

نارکوٹیکس کنٹرول بیوروNCB نے نشیلی دواؤں کا استعمال اوران کی غیرقانونی منتقلی کے خلاف منائے جانے والے عالمی دن کی مناسبت سے آج سے نشہ مکت بھارت پکواڑہ کے نام سے ایک مہم شروع کی ہے جوملک بھر میں چھبیس جون تک جاری رہے گی۔اس مہم کا مقصد نشیلی دواؤں کے نقصانات سے عوام میں شعور بیدار کرنا ہے۔NCB نے ایک بیان میں کہا کہ نشیلی دواؤں کے خلاف عہد لینے کے لئے زیادہ سے زیادہ شہریوں کی حوصلہ افزائی کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج نئی دہلی میں واقع اپنے دفتر میں محکمہ تغذیہ اور عوامی تقسیم کے عہدیداروں کے ساتھ پہلی میٹنگ منعقد کی۔ اس میٹنگ میں مملکتی وزیر بی ایل ورما اور نیموبین بمبھانیا بھی موجود تھے۔ میٹنگ کے دوران جوشی نے غذا کی تقسیم کے نظام کو مضبوط بنانے کیلئے اہم حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے تمام شہریوں کیلئے غذائی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے بھی عہد کا اعادہ کیا۔ جوشی نے کل نئی دہلی میں امور صارفین، غذا و عوامی تقسیم اور نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر کی حیثیت سے جائزہ حاصل کیا تھا۔

☆☆☆☆☆

گرمائی تعطیلات کے بعد ریاست بھر میں آج سے اسکولس دوبارہ کھل گئے۔ نئے تعلیمی سال کے آغاز کے ساتھ سرکاری اسکولوں کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے۔ اسکولوں کے اوقات اب نو بجے سے رہیں گے۔ جبکہ پرائمری اسکولس شام چار بجے تک اور سکینڈری اسکولس سوا چار بجے تک رہیں گے۔ ہائی اسکول کی کلاسیس کا آغاز صبح ساڑھے نو بجے سے ہوگا جبکہ حیدرآباد اور سکندرآباد میں یہ اوقات صبح آٹھ بجکر پینتالیس منٹ سے شام تین بجکر پینتالیس منٹ تک رہیں گے۔ حکومت نے اسکولوں میں ہر ماہ کے چوتھے ہفتہ کو ''بیاگ کا دن نہیں'' منانے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے علاوہ نصابی کتب، کہانیوں کے کتابیں، اخبارات اور رسالے روزانہ آدھے گھنٹے تک پڑھنے کیلئے بھی طلبہ کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ تلنگانہ حکومت نے سرکاری اسکولوں میں داخلوں کی تعداد میں اضافہ کیلئے بھی بڑی باٹا پروگرام شروع کیا ہے جو انیس جون تک جاری رہے گا۔

☆☆☆☆☆